بھارت کی حالیہ جارحیت کی شدید مذمت ـــ پاکستان اپنی سرحدوں کے دفاع سے غافل نہیں: سید فرحاد علی شاہ

لاہور (نامہ نگار خصوصی) ـــ پنجاب کے پراسیکیوٹر جنرل، سید فرحاد علی شاہ نے حالیہ بھارتی جارحیت پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ایک پُرامن مگر باوقار ریاست ہے، جو نہ صرف اپنے دفاع سے غافل نہیں بلکہ ہر جارحیت کا مؤثر جواب دینے کی صلاحیت بھی رکھتی ہے۔ اپنے ایک اہم بیان میں انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی اور سرحدی حدود کی پامالی کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کے اس غیر ذمہ دارانہ رویے کا نوٹس لے، جو خطے کے امن کو شدید خطرات سے دوچار کر رہا ہے۔ سید فرحاد علی شاہ نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کی جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کی پاکستان ایک بہادر اور غیرت مند قوم ہے، جو کبھی دشمن کے "حفاظت کے لیے ہر لمحہ تیار ہیں، اور پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا دباؤ میں نہیں آئی اور نہ ہی کبھی آئے گی۔ ہم اپنی آزادی، خودمختاری اور سالمیت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ اگر دشمن نے کسی بھی قسم کی مہم جوئی کی کوشش کی تو پاکستان اسے منہ توڑ جواب دے گا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب بھارت کی جانب سے لائن آف کنٹرول کے قریب فضائی نقل و حرکت اور اشتعال انگیز بیانات سامنے آئے ہیں۔ بھارتی میڈیا کی جانب سے پاکستان کے خلاف الزامات کی بوچھاڑ جاری ہے، جس پر پاکستانی قیادت اور عوام نے متفقہ طور پر بھرپور مذمت کی ہے